پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

14 دسمبر 2017

# آر بی آئی نے میسرز رادھا کرشن فائینَنس پرائیویٹ لمٹیڈ پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک نے میسرز رادھا کرشن فائینَنس پرائیویٹ لمٹیڈ پر ایک لاکھ روپیہ(Rs. 1 Lakh) کا مالیاتی جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن(b)(I)58G جس کو سیکشن 58B کے سب سیکشن (aa)5 کے ساتھ پڑھا جائے میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ریزرو بینک کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری احکامات/ ہدایات کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے لگایا گیا ہے۔

**پس منظر**:

ریزرو بینک آر بی آئی ایکٹ، 1934 کے سیکشن 45N کے تحت اس کی 31 مارچ 2016 تک مالی حالت کی جانچ 16 فروری 2017 کو کی تھی۔ اسکروٹنی کے دوران اس بات کا مشاہدہ کیا گیا کہ سب آرڈینیٹیڈ قرض سے متعلق ہدایات کی کمپنی نے خلاف ورزیاں کی ہیں اور ایسے قرضوں میں بغیر ریزرو بینک کی منظوری کے چھوٹ دی گئی ہے۔ جو کہ یکم/ جولائی 2015 کے سرکلر ڈی این بی آر (پی ڈی) سی سی نمبر 044/03.10.119/2015-16 میں شامل ہدایات کے پیرا (xxvi)(1)2 کی خلاف ورزی ہے اور بینک کے ذریعہ جاری 25 اگست 2016 کو جاری ماسٹر سرکولر جو پی ڈی ہدایات سے متعلق ہے کے چیپٹر II کے پیرا 31 کے آئیٹم (xvii) کی بھی خلاف ورزی ہے۔ کمپنی کو مورخہ 7 جون 2017 کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا تھا مالیاتی جرمانہ عائد کرنے کے بارے میں۔ کمپنی کے ذریعہ داخل جواب اطمینان بخش نہیں پایا گیا۔ کمپنی کو مزید سنوائی کے لئے ریزرو بینک نے اپنے آر بی آئی ایکٹ 1934 کے سیکشن (2)58G کے تحت حاصل اختیارات کے مطابق بلایا۔ معاملہ کی حقیقت و کمپنی کے جواب وذاتی سنوائی پر غور کرنے کے بعد آر بی آئی اس نتیجہ پر پہونچا کہ مندرجہ بالا خلاف ورزیاں ثابت ہیں۔ اور کمپنی پر ایک لاکھ روپیہ کا مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

**پریس ریلیز** 1633/2017-2018

**اجیت پرساد**
**اسسٹنٹ ایڈوائزر**